

اسرائیل کے غزہ پر فضائی اور زمینی حملے جاری، 50 فلسطینی شہید

غزہ (ایجنسیاں) اسرائیل کی جانب سے غزہ پر تباہ کن فضائی حملوں کا سلسلہ جاری ہے، صیہونی فوج نے کہا کہ وہ جنگ کو روکنے کے لیے حماس کے ساتھ جنگ بندی اور قیدیوں کی رہائی کے معاہدے پر تعطل کا شکار مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کے لیے تیار ہے۔ خبررساں ادارے اے ایف پی اور رائٹرز کے مطابق صحت کے حکام اور حماس میڈیا نے بتایا کہ اسرائیلی فورسز نے غزہ میں فضائی اور زمینی بمباری میں کم ازکم 50 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ غزہ کی سول ڈیفنس ایجنسی نے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دو فضائی حملوں میں صرف غزہ میں 15 بچوں سمیت 26 افراد شہید ہوئے۔ ایجنسی کے ترجمان محمود بسال نے بتایا کہ الدراج کے علاقے میں 16 افراد شہید اور ایک مسجد کے احاطے میں 10 افراد شہید ہوئے۔ اسرائیلی فوج کی جانب سے فوری طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا گیا۔ غزہ کے جبالیہ اور رفح میں بھی شدید بمباری ہوئی جہاں حماس نے کہا کہ انہوں نے اسرائیلی فوجیوں پر مارٹر گولے برسائے ہیں۔ اسرائیل اور اس کے وزیراعظم بینجمن نیتن یاہو پر جنگ بندی کے لیے بین الاقوامی دباؤ بڑھ گیا ہے کیونکہ تین یورپی ممالک نے بدھ کے روز فلسطین کو بطور ریاست کوتسلیم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ نیتن یاہو نے حماس کے خلاف جنگ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے تاہم اسرائیلی وزیراعظم کے دفتر نے کہا کہ اسرائیل یرغمالیوں کی واپسی کے لیے مذاکرات جاری رکھے گا۔ امریکا، مصری اور قطری ثالثوں پر مشتمل جنگ بندی کے مذاکرات کا پچھلا دور اس ماہ کے اوائل میں اسرائیل کی جانب سے غزہ کے جنوبی شہر رفح پر حملے کے فوراً بعد ختم ہوگیا تھا۔

فلسطینی اتھارٹی کو مالیاتی تباہی کے امکانات کا سامنا: عالمی بینک

دبئی (اے ایف پی) عالمی بینک نے ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ فلسطینی اتھارٹی کو مالیاتی تباہی کے امکانات کا سامنا ہے کیونکہ غزہ جنگ کے پس منظر میں آمدنی کے ذرائع ختم اور اقتصادی سرگرمیاں تیزی سے گر رہی ہیں۔ عالمی بینک نے ایک بیان میں کہا، "گذشتہ تین مہینوں میں فلسطینی اتھارٹی کی مالی صورتِ حال ڈرامائی طور پر خراب ہوئی ہے جس سے مالیاتی انحطاط کا خطرہ نمایاں طور پر بڑھ گیا ہے۔" نیز عالمی بینک نے کہا، "فلسطینی اتھارٹی کو ادا کیے جانے والے کلیئرنس ریونیو کی منتقلی میں زبردست کمی اور اقتصادی سرگرمیوں میں بڑے پیمانے پر کمی کی وجہ سے محصولات کے ذرائع کافی حد تک ختم ہو گئے ہیں۔" آئندہ مہینوں میں اتھارٹی کا خسارہ 1.2 بلین ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ اس سے مالی اعانت کا فرق دگنا ہو جائے گا جو 2023 کے آخر میں 682 ملین ڈالر تھا۔ فلسطینی معیشت کے 6.5 اور 9.6 فیصد کے درمیان سکڑنے کا تخمینہ لگایا گیا تھا حالانکہ بینک نے نوٹ کیا کہ مستقبل کی صورتِ حال "انتہائی غیر یقینی" ہے۔ عالمی بینک نے کہا، "بڑھتی ہوئی غیر ملکی امداد اور سرکاری ملازمین اور فراہم کنندگان کے مزید بقایا جات کا جمع ہونا ہی فلسطینی اتھارٹی کے لیے دستیاب مالیاتی اختیارات ہیں۔" "غزہ جنگ کے دوران مغربی کنارے میں بھی تشدد میں اضافہ ہوا ہے جس پر اسرائیل نے 1967 سے قبضہ کر رکھا ہے اور جہاں فلسطینی اتھارٹی محدود حکمرانی کرتی ہے۔" فلسطینی حکام کے مطابق سات اکتوبر سے اسرائیلی فوجیوں یا علاقے میں آبادکاروں کے ہاتھوں کم ازکم 518 فلسطینی ہلاک ہو چکے ہیں۔ عالمی بینک کے مطابق اکتوبر 2023 سے فلسطینی معیشت میں تقریباً نصف ملین ملازمتیں ختم ہو چکی ہیں۔ اس میں ایک اندازے کے مطابق غزہ کی پٹی میں 200,000 اور اسرائیل میں تقریباً 150,000 ملازمتوں کا نقصان شامل ہے جو مغربی کنارے میں رہنے والے لوگوں کے پاس تھیں۔ عالمی بینک نے کہا، غربت میں اضافہ ہوا ہے اور "اس وقت غزہ کا تقریباً ہر باشندہ غربت میں زندگی گذار رہا ہے۔"

غزہ کے سب سے بڑا ہسپتال کا ایندھن کی کمی کے باعث بند ہونے کا خدشہ

غزہ (ایجنسیاں) غزہ کے سب سے بڑے ہسپتال الاقصیٰ میں ایندھن کی کمی کے باعث بند ہونے کا خدشہ ہے۔ الجزیرہ کے مطابق الاقصیٰ ہسپتال کے میڈیکل ڈائریکٹر نے کہا کہ بجلی پیدا کرنے کے لیے ایندھن نہیں ہے اور بجلی کے بغیر تمام مریضوں کی موت ہوسکتی ہے۔ خاص طور پر ڈائیلاسز مریض اور وہ لوگ جو آئی سی یو، انکیوبیٹرز میں ہیں۔ غزہ کی وزارت صحت نے کہا کہ ہسپتال میں اس وقت 600 سے زائد مریضوں اور زخمیوں کا علاج جاری ہے اور اس کیعلاوہ گردے کے 650 ڈائیلاسز کے مریض موجود ہیں، اگر ہسپتال بند ہو گیا تو ان کی جانوں کو خطرہ ہوسکتا ہے۔ پورے غزہ میں 36 ہسپتالوں میں سے صرف ایک تہائی ہسپتال جزوی طور پر کام کر رہے ہیں۔ یاد رہے کہ 7 اکتوبر سے غزہ پر اسرائیلی حملوں میں کم از کم 35 ہزار 800 فلسطینی شہید اور 80 ہزار 11 زخمی ہو چکے ہیں۔

یرغمالی کیسے رہا ہوں؟ سی آئی اے چیف کی موساد سربراہ سے ملاقات متوقع

واشنگٹن (ایجنسیاں) امریکی خفیہ ادارے 'سی آئی اے' کے سربراہ ولیم برنز اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی کی کوششوں کو تیز اور موثر بنانے کے لیے ان دنوں اسرائیل کے خفیہ ادارے موساد کے سربراہ سے ملاقات کے ایک نئے ایجنڈے کی تیاری پر کام کر رہے ہیں۔ غزہ میں اسرائیلی یرغمالیوں کی تقریباً آٹھ ماہ سے حراست امریکی اور اسرائیلی اداروں کے لیے ایک مسئلہ سے بڑھ کر عملاً چیلنج بنی ہوئی ہے۔ ان یرغمالیوں کی صحت اور سلامتی کے سوالات بھی دونوں کے لیے پریشان کن ہیں۔ اس لیے امریکی حکام توقع کر رہے ہیں کہ سی آئی اے کے سربراہ ولیم برنز جلد موساد کے سربراہ ڈیوڈ بارنیا سے ملنےکے لیے جائیں گے۔ تاکہ یرغمالیوں کی رہائی کے لیے مشاورت اور بات چیت کا سلسلہ دوبارہ سے شروع کیا جاسکے۔ حکام نے اس متوقع ملاقات کے لیے کسی متعین تاریخ کا حوالہ تو نہیں دیا ہے تاہم یہ بہت جلد ہونے کا امکان ہے۔ یاد رہے یہ ایرانی صدر کے انتقال کے بعد دونوں اہم اتحادیوں کے خفیہ اداروں کے سربراہان کی بالمشافہ طور پر پہلی ملاقات ہوگی۔ امریکہ اور اسرائیل دونوں کے متعلقہ حکام اس ملاقات کی جلد توقع کر رہے ہیں۔

اسرائیل کا موقف ابھی بھی جنگ بندی اور قیدیوں کی رہائی کے حوالے سے کسی معاہدے تک پہنچنے کی پوزیشن میں نہیں: مصری ذرائع

تل ابیب، (یواین آئی) اسرائیل وار کیبنٹ کی طرف سے مذاکراتی وفد کو مذاکرات کی میز پر واپس آنے اور ثالثوں (مصر، قطر اور امریکہ) کے ذریعے قیدیوں کی ڈیل پر بات چیت دوبارہ شروع کرنے کے اعلان کے بعد ایک اعلیٰ سطحی مصری ذرائع نے اس معاملے کی مزید وضاحت کی ہے۔ قاہرہ نیوز چینل کی رپورٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ اسرائیل کا موقف ابھی بھی جنگ بندی اور قیدیوں کی رہائی کے حوالے سے کسی معاہدے تک پہنچنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ دریں اثنا مصر کے دو سکیورٹی ذرائع نے جمعرات کو بتایا کہ قاہرہ اپنی ثالثی کی کوششوں کے بارے میں شکوک وشبہات کے باوجود جنگ بندی کے معاہدے اور قیدیوں کی رہائی کے لیے بات چیت میں مدد کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قاہرہ مذاکرات کے نئے دور کی تاریخ طے کرنے کیلئے اسرائیل کے ساتھ رابطے میں ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے انکشاف کیا کہ مصری ثالثوں کو اسرائیلی سکیورٹی حکام کی فون کالز موصول ہوئیں، جس میں انہوں نے جنگ بندی کی مساعی میں قاہرہ کے کردار کے لیے شکریہ ادا کیا۔ متعلقہ سیاق وسباق میں العربیہ اور الحدث کے ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ 'سی آئی اے' کے سربراہ غزہ مذاکرات کے لیے چند ہی دنوں میں خطے میں واپس آئیں گے۔ حالیہ عرصے کے دوران خاص طور پر رفح کے مشرق میں اسرائیلی زمینی دراندازی کے بعد سے مصری اور اسرائیلی فریقوں کے درمیان تعلقات میں کشیدگی اور غزہ کی پٹی کے ساتھ رفح بارڈر کراسنگ کو بند کرنے کی وجہ سے باہمی الزامات کا سامنا ہے۔ دریں اثناء یہ کشیدگی بدھ کو اس وقت اپنے عروج پر پہنچ گئی جب مصر کی جانب سے ثالثی سے دستبردار ہونے کی دھمکی۔

امریکہ بین الاقوامی فوجداری عدالت کے دائرہ کار کو تسلیم نہیں کرتا: جو بائیڈن

واشنگٹن (ایجنسیاں) امریکہ کے صدر جو بائیڈن نے بڑے کھلے اور دوٹوک الفاظ میں بین الاقوامی فوجداری عدالت کے دائرہ اختیار کو تسلیم نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان کوئی مطابقت اور برابری کا معاملہ نہیں ہے۔ امریکہ کے صدر نے یہ بات جمعرات کے روز کہی ہے۔ انہیں اس کی ضرورت بین الاقوامی فوجداری عدالت کے پراسیکیوٹر کریم خان کے پیر کے روز سامنے آنے والے اس بیان کی وجہ سے پیش آئی ہے جس میں پراسیکیوٹر نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور اسرائیلی وزیر دفاع کو بھی جنگی جرائم کے سلسلے میں وارنٹ گرفتاری کی زد میں لانے اور بالواسطہ طور پر ان کی گرفتاری کا عندیہ دیا تھا۔ اہم بات ہے کہ ابھی فوجداری عدالت کے سامنے جنگی جرائم کے ان سامنے آنے والے شواہد میں جنگی جرائم میں ملوث ملکوں یا شخصیات کی سہولت کاری کا سوال زیر بحث نہیں آیا ہے۔ ممکن ہے کسی اگلے مرحلے پر یہ بھی صورت پیدا ہو جائے اور کوئی درخواست بین لاالاقوامی عدالت کے سامنے اس سلسلے میں آ جائے۔ فوجداری عدالت کے پراسیکیوٹر کریم خان نے پیر کے روز کی اپنی گفتگو میں حماس کے تین رہنماؤں کے بھی وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی اطلاع دی تھی۔ یہ ان کے اس سلسلے میں اب تک کا سب سے اہم مگر ابتدائی بیان تھا۔ اسرائیل نے بین الاقوامی فوجداری عدالت کے اس بیان کو سخت ناراضگی اور غصے کے ساتھ رد کر دیا تھا۔ اس بارے میں امریکی صدر نے پہلے بیان میں کہا تھا کہ غزہ میں ایسا کچھ نہیں کیا جا رہا جسے اسرائیل کے جنگی جرائم کے ارتکاب کے زمرے میں قرار دیا جائے۔ تاہم اب جمعرات کے روز امریکی صدر جو بائیڈن نے زیادہ سخت بیان میں بین الاقوامی فوجداری عدالت کے اختیار اور دائرہ کار کو ہی چیلنج کر دیا ہے۔ واضح رہے اسرائیلی حکومت کی ترجمان نے پچھلے دنوں ایک نیوز بریفنگ کے دوران اس سوال کہ 'آیا نیتن یاہو اور وزیر دفاع یوو گیلانٹ کے بین الاقوامی دوروں اور سفروں پر اب اثر آئے گا۔' ترجمان نے کہا تھا 'دیکھتے ہیں۔'

مختصر خبریں

سعودی وزیر خارجہ کی غزہ اور مغربی کنارے کی صورتحال پر فلسطینی وزیراعظم سے گفتگو

دبئی (ایجنسیاں) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے فلسطین کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد مصطفیٰ سے مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی کی صورت حال کی تازہ ترین پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے فون کال پر صورتحال کے حوالے سے کی جانے والی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا۔ واضح رہے غزہ میں وزارت صحت نے لڑائی کے 230 ویں دن جمعرات کو اعلان کیا ہے کہ تاریخ کی بدترین جارحیت میں صیہونی فوج 35800 فلسطینیوں کو خون میں نہلا چکی ہے۔ شہید ہونے والوں میں زیادہ تر بچے اور خواتین شامل ہیں۔ مرنے والے ہزاروں فلسطینی اس کے علاوہ بھی ہیں جن کی لاشیں تباہ ہونے والی عمارتوں کے ملبے تلے ہی رہ گئی ہیں اور عملہ ان تک نہیں پہنچ سکا ہے۔

کولمبیا کا فلسطین میں سفارت خانہ کھولنے کا اعلان

بگوٹا (ایجنسیاں) کولمبیا کے صدر گستاؤ پیٹرو نے فلسطین کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لیے مغربی کنارے کے شہر رام اللہ میں سفارتخانہ کھولنے کا حکم دیدیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق غزہ پر وحشیانہ بمباری میں ہزاروں انسانی جانوں کے ضیاع پر چلی اور بولیویا کی طرح کولمبیا نے بھی رواں ماہ کے آغاز پر اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات منقطع کر دیے تھے۔ جس کے بعد اب کولمبیا کا فلسطین میں اپنا سفارت خانہ کھولنے کا اعلان سامنے آیا ہے۔ کولمبیا کے وزیر خارجہ نے صحافیوں کو بتایا کہ صدر گستاؤ پیٹرو کے حکم پر فلسطین میں سفارت خانہ کھولنے کے انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ سفارت خانہ مغربی کنارے کے شہر رملہ میں کھولا جائے گا۔ یاد رہے کہ کولمبیا کے صدر نے گزشتہ برس فلسطینی سفیر رؤف المالکی سے ملاقات میں ارادہ ظاہر کیا تھا کہ وہ فلسطین میں سفارت خانہ کھولنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ ایک روز قبل ہی یورپی ممالک اسپین، ناروے اور آئرلینڈ نے فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس کے بغیر مشرق وسطیٰ میں قیام امن کا تصور ناگزیر ہے۔ تاہم اس پر اسرائیل نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ان ممالک سے اپنے سفیر اور ایلچیوں کو واپس بلالیا تھا البتہ سعودی عرب نے اس اقدام کی حمایت کی جب کہ امریکی صدر نے اسرائیل سے دوستی نبھاتے ہوئے اسے جلد بازی قرار دیا۔

ایران کیساتھ تعلقات کو بہتر دیکھنا چاہتے ہیں: شاہ بحرین

بحرین (ایجنسیاں) بحرین کے بادشاہ حماد بن عیسیٰ الخلیفہ نے جمعرات کے روز کہا ہے کہ منامہ ایران کے ساتھ اپنے تعلقات کی بہتری چاہتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار روس کے صدر صدر ولادیمیر پوتین کے ساتھ ماسکو میں ہونے والی ملاقات میں کیا ہے۔ بحرین کے سرکاری خبر رساں ادارے 'بی این اے' کے مطابق شاہ بحرین نے کہا 'بحرین اور ایران کے درمیان سفارتی تعلقات کی بحالی میں تاخیر کی کوئی وجہ نہیں تھی۔' ایران کے ساتھ بحرین کے تعلقات 2016 میں منقطع ہوئے تھے۔ خیال رہے بدھ کے روز بحرین کے وزیر خارجہ عبداللطیف الزیانی نے تہران کا دورہ کیا اور ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کی وفات پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ واضح رہے اتوار کے روز ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کے علاوہ سات دیگر لوگ ہیلی کاپٹر حادثے میں انتقال کر گئے تھے۔

اسپین: عمارت گرنے سے 4 افراد ہلاک، 21 زخمی

میڈرڈ، (یو این آئی) اسپین کے مایورکا جزیرے میں پالما شہر میں ایک عمارت گرنے سے کم ازکم چار لوگوں کی موت ہوگئی اور 21 زخمی ہو گئے۔ جزائر بلیار کی ریسکیو سروس ٹیم کے مطابق، پلایا ڈے پالما میں کارٹا گو اسٹریٹ پر ایک عمارت گرنے سے چار افراد ہلاک اور 21 زخمی ہوگئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ دو منزلہ عمارت کی چھت پر واقع بار کی چھت گرنے سے پیش آیا۔ کچھ لوگ اب بھی ملبے تلے دبے ہوئے ہیں اور مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے۔

مجھے حماس کے حملے کے متعلق خبردار نہیں کیا گیا تھا: نیتن یاہو کا فوج کو جواب

دبئی (ایجنسیاں) اسرائیلی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے اسرائیلی وزیراعظم کو سات اکتوبر کے حماس کے حملے کے ارادے سے خبردار کرنے کی معلومات سامنے آنے کے بعد اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے ان معلومات کو مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے جمعرات کو اپنے دفتر سے جاری ایک بیان میں کہا کہ انہیں فوج کی طرف سے موصول ہونے والے پیغامات میں مستقبل قریب میں حماس کے کسی ممکنہ حملے سے خبردار نہیں کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا فوجی دستاویزات نے مجھے حماس کے اسرائیل پر حملہ کرنے کے ارادوں سے خبردار نہیں کیا تھا بلکہ سب کچھ اس کے برعکس بتایا گیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں جو چار دستاویزات موصول ہوئی ہیں ان میں واضح طور پر اشارہ کیا گیا ہے کہ حماس اسرائیل پر حملہ نہیں کرنا چاہتی بلکہ وہ کسی معاہدے تک پہنچنے کو ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں 19 مارچ 2023 کو موصول ہونے والی پہلی دستاویز یا خط میں بتایا گیا کہ حماس کی حکمت عملی غزہ میں حکمرانی کو برقرار رکھنے اور دوسرے میدانوں میں اسرائیل کے خلاف جدوجہد پر توجہ مرکوز کرنے کی ہے۔ نیتن یاہو نے انکشاف کیا کہ 31 مئی 2023 کو جاری دوسری دستاویز میں تل ابیب کو حماس کے ساتھ معاہدے تک پہنچنے کے لیے اقدامات کرنے کی سفارش کی گئی تھی۔ اس میں یہ بھی کہا گیا کہ حماس کو مزید بڑھنے میں دلچسپی نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تیسرے خط میں اسرائیل کے اندر ہم آہنگی اور تقسیم کے منفی اثرات کے بارے میں خبردار کیا گیا تھا۔ نیتن یاہو نے تصدیق کی کہ انہوں نے خود متعدد بار اس مسئلے کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ ان کے دفتر نے 17 جولائی 2023 کو جاری کردہ ایک بیان کا حوالہ بھی دیا جس میں اسرائیلی وزیر اعظم نے کہا کہ اندرونی تنازعات ہمارے دشمنوں کے خلاف مزاحمت کو ختم کرتے ہیں اور انہیں ملک کے خلاف جارحانہ کارروائیوں کے لیے اکساتے ہیں۔ نیتن یاہو کی یہ وضاحت اسرائیلی فوج کی جانب سے جمعرات کو اس بات کی تصدیق کے بعد سامنے آئیں کہ وزیراعظم کو مارچ اور جولائی 2023 کے درمیان انٹیلی جنس ڈویژن سے چار انتباہی خطوط بھیجے گئے تھے۔ ان میں بتایا گیا تھا کہ دشمن اسرائیل میں ہونے والی تقسیم اور اسرائیلی فوج پر ان کے اثرات کو کس طرح دیکھ رہے ہیں۔ خیال رہے جنگ کے پہلے مہینے کے دوران نیتن یاہو نے دعویٰ کیا تھا کہ 7 اکتوبر کو ہونے والے حملے سے قبل انہیں ریاستی سلامتی کے لیے کسی ممکنہ خطرے کے بارے میں کوئی انتباہ نہیں ملا تھا۔ ان کی طرف سے حماس حملے کی ذمہ داری فوج کے کمانڈروں پر ڈالنے کی کوشش کی گئی تھی جس کے بعد فوجی قیادت میں غصے کی لہر دوڑ گئی تھی۔

غزہ میں زیادہ تر اسرائیلی یرغمالی ہلاک ہو چکے ہیں، ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن، (یو این آئی) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ غزہ میں زیادہ تر اسرائیلی یرغمالی ہلاک ہو چکے ہیں۔ مسٹر ٹرمپ نے جمعرات کو نیویارک شہر میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا ''ایسے بہت سے یرغمالی جن کا آپ اور ہر کوئی انتظار کر رہے ہیں، ان میں سے کئی ہلاک ہو چکے ہیں۔'' انہوں نے دعویٰ کیا کہ حماس کے مذاکرات کار اسرائیل کے ساتھ یرغمالیوں کے معاہدے پر راضی ہونے کو تیار نہیں ہیں کیونکہ ان کے بیشتر یرغمالی ہلاک ہو چکے ہیں۔

ایران نے ابراہیم رئیسی کے ہیلی کاپٹر حادثے کی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ جاری کر دی

حادثے کا شکار ہیلی کاپٹر پر گولی لگنے یا اس جیسے کسی نقصان کے نشانات نہیں ملے، رپورٹ میں انکشاف

تہران (ایجنسیاں) ایرانی مسلح افواج کے جنرل اسٹاف نے جاں بحق ہونے والے صدر ابراہیم رئیسی، وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان اور ان کے ساتھیوں کو لے جانے والے ہیلی کاپٹر کے حادثے کی تحقیقات کی ابتدائی رپورٹ جاری کر دی۔ ایران کی سرکاری خبررساں ایجنسی ارنا کے مطابق ابتدائی رپورٹ میں حادثے سے متعلق تکنیکی معلومات اور نتائج کو اکٹھا کیا گیا ہے اور اس کا جائزہ لیا گیا ہے، کچھ ڈیٹا کی جانچ کے لیے مزید وقت درکار ہے۔ ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق ہیلی کاپٹر بغیر کسی تبدیلی کے اپنے طے شدہ راستے پر پرواز کر رہا تھا، پائلٹ نے دیگر دو ہیلی کاپٹروں کے پائلٹس سے حادثے سے ڈیڑھ منٹ پہلے رابطہ کیا۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ حادثے کا شکار ہیلی کاپٹر پر گولی لگنے یا اس جیسے کسی نقصان کے نشانات نہیں ملے اور حادثے کے بعد ہیلی کاپٹر میں آگ لگ گئی۔ علاقے میں ناہموار راستے، سرد موسم اور دھند کی وجہ سے امدادی کارروائیوں میں مشکلات ہوئیں اور ریسکیو اہلکار جائے حادثہ پر 20 مئی کی صبح کو پہنچے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فلائٹ کے عملے کے ساتھ کنٹرول ٹاور کی بات چیت میں کوئی مشکوک صورت حال سامنے نہیں آئی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کنٹرول ٹاور اور فلائٹ عملے کے درمیان رابطے میں کوئی مشکوک بات سامنے نہیں آئی۔ تحقیقات کی حتمی رپورٹ تفتیش مکمل ہونے کے بعد شیئر کی جائے گی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ترکیہ کے ریسکیو گروپ کی ابتدائی تحقیقات میں انکشاف کیا گیا تھا کہ جس ہیلی کاپٹر میں ایرانی صدر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کی موت ہوئی تھی اس میں یا تو سگنل بھیجنے والا آلہ ٹرانسپونڈر بند تھا یا موجود ہی بند تھا۔ اس کیعلاوہ ایرانی حکومت کو پہلے ہی پرانے ہیلی کاپٹروں کی خراب حالت سے متعلق خبردار کر دیا گیا تھا۔ یاد رہے کہ ایرانی صدر ابراہیم رئیسی جس ہیلی کاپٹر میں سفر کر رہے تھے وہ امریکا کا تیار کردہ 'بیل 212' (212 Bell) ہیلی کاپٹر تھا۔

اسرائیل نے فلسطین کو تسلیم کرنے پر اسپین کے قونصل خانے کو کام سے روک دیا

تل ابیب (ایجنسیاں) اسپین کی جانب سے فلسطین کو ایک ریاست تسلیم کرنے کے اعلان کے بعد اسرائیل نے یروشلم میں ہسپانوی قونصل خانے کے ساتھ تعاون ختم کر کے سفارتی سرگرمیاں روک دیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی وزیر خارجہ یسرائیل کاٹز نے مائیکروبلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر ایک پوسٹ میں اسپین پر کڑی تنقید کرتے ہوئے لکھا کہ یروشلم میں ان کے قونصل خانے کو خدمات فراہم کرنے سے معذرت کر لی ہے۔ اسرائیلی وزیر خارجہ نے مزید لکھا کہ یروشلم میں ہسپانوی قونصل خانے کے فلسطینی نمائندوں کے ساتھ روابطوں کو بھی منقطع کر دیا گیا۔ فلسطینی نمائندوں کو بھی اسپین کے قونصل خانے کے ساتھ کام سے روک دیں گے۔ یسرائیل کاٹز نے یہ بھی لکھا کہ ان کے ملک نے اسپین کے خلاف یہ اقدام اس لیے اُٹھایا ہے کیوں کہ اسپین نے گزشتہ روز فلسطین کو ایک باضابطہ ریاست تسلیم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ اسرائیلی وزیر خارجہ کاٹز نے اسپین کے فلسطین کو ریاست تسلیم کرنے کے اقدام کو یہود مخالف قرار دیا۔ یاد رہے کہ ایک روز قبل اسپین، ناروے اور آئرلینڈ نے اعلان کیا تھا کہ وہ 28 مئی کو باضابطہ طور پر فلسطین کو ایک آزاد ریاست کے طور پر تسلیم کر لیں گے کیوں کہ ایسا کیے بغیر مشرق وسطیٰ میں امن کا قیام ناممکن ہے۔ جس پر اسرائیل نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اُسی روز ناروے اور آئرلینڈ سے اپنے ایلچی اور سفیر کو واپس بلا لیا تھا اور آج اسپین کے قونصل خانے کے ساتھ تعاون کرنے سے انکار کر دیا۔

ویت نام میں عمارت میں آگ لگ گئی، 14 افراد ہلاک

ہنوئی، (یو این آئی) ویت نام کے دارالحکومت ہنوئی کی ایک عمارت میں لگی آگ سے 14 افراد ہلاک اور 6 زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ عمارت کے نیچے برقی سائیکلوں کی دوکان میں گزشتہ شب آگ لگ گئی جس کی لپیٹ میں عمارت بھی آ گئی۔ عمارت کی آگ پر قابو پانے کیلئے فائر بریگیڈ کو کافی مشکل اٹھانا پڑی۔ بتایا گیا ہے کہ اس واقعے میں 14 افراد ہلاک اور 6 زخمی ہو گئے۔ ویت نام کے سرکاری اعداد وشمار کے ادارے کا کہنا ہے کہ سال رواں کے پہلے 4 ماہ کے دوران آتشزدگی کے 1555 واقعات رونما ہوئے ہیں۔ ان واقعات میں 28 افراد ہلاک اور 26 زخمی ہوئے۔

چیف الیکٹورل آفیسر، دھلی
Chief Electoral Officer, Delhi
اولڈ سینٹ اسٹیفن کالج بلڈنگ کشمیری گیٹ، دھلی، 110006
ہیلپ لائن نمبر 1800-111-400، کال سینٹر نمبر 1950
ویب سائٹ: www.ceodelhi.gov.in

لوک سبھا عام انتخابات، 2024 قومی راجدھانی خطہ، دھلی
پبلک نوٹس
براہ کرم معذور ووٹر توجہ دیں

معذور رائے دہندگان کو دیگر ووٹرز کی طرح برابر ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں اور درج ذیل سہولیات / ایڈمنسٹریٹو انتظامات سے فائدہ اٹھائیں جو آپ کو ووٹ ڈالنے میں آپ کی مدد کریں گے:-

1۔ معذور ووٹرز کو قطار میں انتظار کیے بغیر پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے کیلئے ترجیح دی جائے گی۔
2۔ جہاں بھی ضروری ہو، وہیل چیئرز میں ووٹرز کو پولنگ کے احاطے میں پولنگ بوتھ تک بلا روک ٹوک رسائی فراہم کرنے اور پولنگ بوتھ کے اندر پولنگ سیکشن تک ان کے آنے جانے کے لیے کھلی جگہ فراہم کرنے کے لیے مناسب ڈھلان والی ریمپ رکھے جائیں گے۔
3۔ اگر کوئی ووٹر اپنی معذوری کی وجہ سے اپنا ووٹ نہیں ڈال سکتا/ سکتی ہے، تو پریزائیڈنگ آفیسر، اس ووٹر کو اس کی خواہش کے مطابق اس کی طرف سے ووٹ ڈالنے کیلئے کوئی ساتھی (ترجیحی طور پر کوئی رشتہ دار)، جو 18 سال سے کم عمر کا نہ ہو، اسے پولنگ بوتھ تک لے جانے کی اجازت دیں گے۔ (حوالہ: 49 این کنڈکٹ آف الیکشنز رولز، 1961)
4۔ پولنگ ڈیوٹی کے عملے اور پولیس اہلکاروں کو معذور ووٹروں کی خصوصی ضروریات اور انہیں ضروری مدد فراہم کرنے کے لیے تربیت دی گئی ہے اور حساس بنایا گیا ہے۔
5۔ معذور ووٹروں کی مدد کے لیے پولنگ کے مقامات پر رضا کار تعینات کیے جا رہے ہیں۔
6۔ معذور ووٹرز کی سہولت کے لیے پولنگ اسٹیشنوں پر وہیل چیئرز کا انتظام کیا جا رہا ہے۔
7۔ متعلقہ ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسرز جسمانی طور پر معذور اور 85 سال سے زیادہ عمر کے معمر ووٹروں کو پولنگ اسٹیشن تک جانے اور واپس آنے کیلئے سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔
8۔ تمام اضلاع میں نوڈل افسروں کا تقرر کیا گیا ہے خاص طور پر معذور ووٹروں کی مدد کے لیے۔

لوک سبھا عام انتخابات 2024 کیلئے قومی راجدھانی خطہ دہلی کے سبھی سات (07) پارلیمانی انتخابی حلقوں کیلئے معذوروں اور پک اینڈ ڈراپ سہولت کیلئے نوڈل افسران کی تفصیلات اس طرح ہیں۔

پی سی نمبر	پی سی کا نام	نوڈل افسر (PWD) کی تفصیل (نام، موبائل، ای میل)	پک اینڈ ڈراپ نوڈل افسر کی تفصیل (نام، موبائل)	پک اینڈ ڈراپ کنٹرول روم نمبر
1	چاندنی چوک	جناب کپل کوھلی 8368079252 nodalofficerpwdpc01@gmail.com	جناب کپل کوھلی 8368079252	011-20872028
2	شمال مشرقی دھلی	جناب سریش چند 9868282971 pwdpc02@gmail.com	جناب سریش چند 9868282971	011-22132054
3	مشرقی دھلی	جناب سنیل کمار بھاردواج 9968854845 nodalofficerpwd03@gmail.com	جناب سنیل کمار بھاردواج 9968854845	1800-11-1406 011-22010004
4	نئی دھلی	محترمہ رشمی منچندا 9911325330 pwd.no.ls2024@gmail.com	جناب ھوم کرن 9015753972	011-23075139
5	شمال مغربی دھلی (ایس سی)	جناب راکیش دھیا 9868810716 nodalofficerpwd05@gmail.com	جناب راکیش دھیا 9868810716	1800-11-1401 011-20896360
		جناب دھرمیندر پرساد 9818184564 nodalofficerpwd05@gmail.com	جناب دھرمیندر پرساد 9818184564	
6	مغربی دھلی	جناب سوربھ کمار 8982595027 nodalofficerpwd06@gmail.com	جناب سوربھ کمار 8982595027	011-25107440
7	جنوبی دھلی	جناب پیوش کمار مدگل 9887624255 districtelectionsouth@gmail.com	جناب روی اکا 9667517334	011-20860811

کسی بھی مدد / وضاحت کے لیے، براہ کرم اپنے پارلیمانی حلقے کے متعلقہ نوڈل افسر سے رابطہ کریں۔
براہ کرم 25.05.2024 کو صبح 07 بجے سے شام 06 بجے کے درمیان باھر نکلیں اور بڑی تعداد میں اپنا ووٹ ڈالیں۔

دستخط/-
(مکیش راجورا)
جوائنٹ چیف الیکٹورل آفیسر-ا، دھلی

ووٹ دینے کے لیے، آپ کا نام ووٹر لسٹ میں ھونا لازمی ھے۔

चुनाव का पर्व
DESH KA GARV
LOK SABHA ELECTION 2024

DIP/Shabdarth/Classified/0066/24-25